فیئر فیکس کاؤنٹی میں دی جانے والی خاندانی زندگی کی تعلیم
علیحدگی کی درخواست کا فارم
کنڈرگارٹن: جذباتی اور معاشرتی صحت

اگر آپ اپنے بچے کو کنڈرگارٹن کے خاندانی زندگی کی تعلیم کے کچھ اسباق سے یا تمام اسباق سے علیحدہ کرنا چاہتے ہیں، تو براہِ مہربانی اس فارم کو بھرئیے، اور **اسے اپنے بچے کے کلاس روم ٹیچر کوFLE کی ہدایات شروع ہونے سے پہلے واپس بھیج دیجیۓ۔**
سبق کے مقاصد اورذرائع ابلاغ کی وضاحت کے بارے میں مزید معلومات اس ویب سائٹ پر دستیاب ہیں
https://www.fcps.edu/academics/elementary-family-life-education-fle. اسباق Schoology میں دستیاب ہیں۔

براہِ مہربانی یاد رکھیئے: سوائے ایسی صورت میں کہ آپ نے اپنے بچے کو خاندانی تعلیم کے کچھ اسباق سے یا تمام اسباق سے علیحدہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، آپ کو یہ فارم واپس کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

بچے کا نام ____________________________ **کلاس روم ٹیچر** ____________________________

ہدایات: براہِ مہربانی اُن اسباق پر نشان لگائیں جن میں آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا بچہ شرکت کرے۔

_____ **سبق 1: خاندان کے الفاظ**
طلباء اس بات کوجانیں گے کہ ہرایک گھرانے کا فرد ہے اور اپنے انفرادی گھرانوں کے افراد کی پہچان کریں گے
- طلباء ایک ہی گھر میں رہنے والے اپنے خاندان کے بچوں اور بالغ افراد کی نشاندہی کریں گے۔
- دو-والدین/ سرپرست پر مشتمل خاندان (والدہ اور والد، دو والدہ، دو والد اور بچے)، برادری – ایک ہی گھر میں رہنے والے قریبی گھرانے کے علاوہ رشتے دار؛ تنہا والد یا والدہ/ سرپرست پر مشتمل خاندان؛ لے پالک خاندان، رضاعی خاندان، سوتیلے والدین پر مشتمل خاندان؛ اور مخلوط خاندان۔

_____ **سبق 2: خاندان اہم ہیں**
طلباء ان مثبت طریقوں کو پہچانیں گے جس میں خاندان کے افراد اور دوست ایک دوسرے کیلیئے محبت، پیار، احترام، اور قدر دکھاتے ہیں۔
- مناسب رویے جیسے گلے ملنا، سننا، حفاظت کرنا، رہنمائی مہیا کرنا، حوصلہ دینا اور تعریف کرنا
- یہ تصور کہ کچھ رویے غیر مناسب ہوتے ہیں، متعارف کرائے جائیں گے۔

_____ **سبق 3: اچھاچھونا، برا چھرنا**
طلباء دوسروں کی طرف سے اچھے اور برے طریقے سے چھونے کے عناصر کو پہچانیں گے۔
- دوسروں کی طرف سے اچھے طریقے سے چھونے کی ذیل کے طریقوں سے وضاحت کی گئی ہے: کسی کے سامنے چھونا، ایسا چھونا جو خفیہ نہیں ہے، چھونا جس سے بچے کو اچھا محسوس ہو، بچہ کو صاف رکھنے یا طبی دیکھ بھال فراہم کرنے کیلیئے چھوا جانا اور ایسا چھونا جس سے خاندان کے فرد کی طرف سے محبت کا مناسب اظہار ہو۔
- درج ذیل برے طریقے سے چھونے کی وضاحت کرتے ہیں: نجی حصے/ جسم کے حصے (وہ حصے جو نہانے کے کپڑوں یا زیر جامہ سے ڈھکے جاتے ہیں) کو چھونا، ایسا چھونا جو خفیہ ہو اور ایسا چھونا جو بچے کو برا لگے یا وہ بے چین محسوس کرے۔

_____ **سبق 4: غیر مناسب طرزعمل کے جوابات**
طلباء گھرانے کے افراد، پڑوسیوں اجنبیوں اور دوسروں کے ناموزوں رویوں پر کیسے ’’انکار‘‘ کیا جاتا ہے اس کا مظاہرہ کریں گے۔
- اونچی آواز میں "نہیں" کہنا، سیدھے کھڑے ہونا اور شخص کی طرف دیکھنا
- بھروسہ مند بالغ افراد جو بچے کی مدد کر سکتے ہیں، ان کی نشاندہی کی جائے گی
- طلباء سیکھیں گے کہ اس وقت تک بتاتے رہیں جب تک کہ کوئی سن نا لے اور ان کی مدد نا کردے ۔

______________________________ **تاریخ** ____________________________
والد یا والدہ/ سرپرست کے دستخط

Updated July 2021